© rasailojaraid.com

اس طرح کی اغلاط کی نشان دہی کا مقصد اصلاح ہے۔ کتابوں کی تصنیف وتالیف میں جملوں کی ساخت وپرداخت اور جس زبان میں لکھی جارہی ہے اس کے رموز واوقاف اور اسلوب کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ بایں ہمہ ''التقریر الروجی'' ایک صاحب علم وفضل استاذ کے قلم سے نکلنے والی عمدہ شرح ہے۔ علماء وطلبہ کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

## ''گلستانِ سنت''

**مرتب: ابوحذیفہ مولانا شاہد محمود۔ ضخامت: 272۔ قیمت: لکھی نہیں۔**

**ملنے کا پتا: ادارۃ المحمود نثار مارکیٹ بالمقابل مدنی مسجد، مانسہرہ۔ فون 0300-5611123**

گلستانِ سنت جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل مولانا شاہد محمود کی تالیف ہے۔ اس کتاب میں روزمرہ کی سنتوں کو خوبی کے ساتھ جمع کیا گیا۔ ایک امتی کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو تعلق ہونا چاہیے اس کا اصل مظہر سنتوں پر عمل پیرا ہونا ہی ہے۔ یہ کتاب بھی اسی جذبے سے ترتیب دی گئی ہے۔ آغاز میں مولانا فیض الباری مدظلہم، مولانا عبدالرشید مدظلہم، مولانا مفتی محمود الحسن مدظلہم کی تقاریظ شامل ہیں، جو کتاب کے مستند ہونے کا بین ثبوت ہیں۔

## ''تعلیم الدعاء''

**مرتب: مولانا محمد حنیف عبدالمجید۔ صفحات: 214۔**

**ملنے کا پتا: مکتبہ بیت العلم، فدا منزل نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔ فون 021-32726509**

''دعا'' امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے لیے اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے ''ادعونی استجب لکم'' قرآن مجید میں کئی آیات بشکل دعا موجود ہیں۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے تو بے شمار دعائیں منقول ہیں۔ مولانا محمد حنیف عبدالمجید مدظلہم نے سوال وجواب کی صورت میں ہر موقع کی دعائیں جمع کی ہیں۔ ساتھ ساتھ ان کے فوائد، پڑھنے کے اوقات اور آداب بھی بتائے ہیں۔ یوں ایک مفید مجموعہ تیار ہوگیا ہے۔ بچوں کے لیے خصوصاً اور معاشرے کے ہر فرد کے لیے عموماً یہ مجموعہ بہترین رفیق ہے۔

## ''کتابیات حضرت مولانا خواجہ خان محمدؒ''

**مرتب: پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد۔ صفحات: 112۔ طباعت: عمدہ، کارڈ کور۔ قیمت: 200 روپے۔**

**ملنے کا پتا: ادارہ تالیفات، اسلامیہ ہری پور ہزارہ۔ فون 0300-5203983**

''کتابیات حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمہ اللہ'' میں حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ کی شخصیت پر لکھے گئے مضامین ومقالات اور کتب کا احاطہ کیا گیا ہے۔ حضرت خواجہ صاحب رحمہ اللہ سلسلہ نقشبندیہ کے نیر تاباں تھے۔



© rasailojaraid.com